Telephone Conversation between PM and Sultan of Oman

April 07, 2020

وزیر اعظم اور عمان کے سلطان کے مابین ٹیلی فون پر گفتگو

07 اپریل، 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج عمان کے سلطان جلالت مآب ہیثم بن طارق کے ساتھ ٹیلیفون پر بات چیت کی۔

دونوں رہنماؤں نے جاری کووڈ 19 وبائی مرض کی وجہ سے درپیش صحت اور معاشی چیلنجوں اور اس کے رسپانس کے لئے اپنے اپنے ممالک کے ذریعہ اٹھائے گئے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ دونوں ممالک بحران سے نمٹنے کے لئے ایک دوسرے کو ہر ممکن مدد فراہم کریں گے۔

جلالت مآب سلطان نے وزیر اعظم کو موجودہ صورتحال میں عمان میں موجود ہندوستانی برادری کی حفاظت اور فلاح وبہبود کے بارے میں یقین دلایا۔ انہوں نے ہندوستان میں عمانی شہریوں کو حکومت ہند کی جانب سے فراہم کردہ حالیہ مدد پر وزیر اعظم کا بھی شکریہ ادا کیا۔

وزیر اعظم نے جلالت مآب مرحوم سلطان قابوس کے انتقال پر اظہار تعزیت کا اعادہ کیا۔ انہوں نے جلالت مآب سلطان ہیثم کے دور حکومت اور عمان کے امن وخوشحالی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہندوستان عمان کو اپنے توسیع شدہ پڑوس کا ایک بہت اہم حصہ سمجھتا ہے۔

نئی دہلی

07 اپریل، 2020

DISCLAIMER : This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.